مسٹر جسٹس محمد نور مسکانزئی

سابق چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت، پاکستان

14.05.2022 to 15-05-2019

عزت مآب جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی یکم ستمبر 1956ء کو کنری ضلع خاران میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے اپنی ابتدائی تعلیم گورنمنٹ مڈل سکول (موجودہ ہائی سکول) کنری سے حاصل کی جس کی بنیاد ان کے والد جناب ڈاکٹر مولوی محمد قاسم عینی بلوچ نے رکھی تھی۔ یہ ضلع خاران کا پہلا نجی سکول تھا جسے بعد میں 1952ء کو حکومت نے قومیا لیا تھا۔

میٹرک گورنمنٹ ہائی سکول خاران سے مکمل کرنے کے بعد مزید تعلیم حاصل کرنے کیلئے کوئٹہ چلے گئے۔

انہوں نے ایف اے اور بی اے گورنمنٹ ڈگری کالج کوئٹہ سے کرنے کے بعد بلوچستان یونیورسٹی میں بی ایڈ میں داخلہ لیا۔ انہوں نے "تعلیمی نظم ونسق کا جمہوری تصور" کے موضوع پر مقالہ لکھا جو کہ بہت سراہا گیا۔

عزت مآب نے ایل ایل بی 80-1979 یونیورسٹی لاء کالج کوئٹہ سے کیا اور 1980ء کو کوئٹہ ہی میں باقاعدہ وکالت کا آغاز کیا۔ عزت مآب مکران ڈویژن میں بطور اسپیشل پراسیکیوٹر کسٹم اور تربت میں مکران سکاؤٹ اور پی ٹی سی ایل مکران ڈویژن کے قانونی مشیر بھی رہے۔

عزت مآب جون سے دسمبر 1998ء تک اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کے عہدے پر فائز رہے۔ وہ 24 مارچ 2005ء سے 24 مارچ 2006ء تک وائس چیئرمین بلوچستان بار کونسل اور دو مرتبہ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی منتخب ہوئے۔ ایڈیشنل جج عدالت عالیہ کے منصب پر فائز ہونے سے قبل وہ چیئرمین انٹر پراونشل ریلیشن کمیٹی بلوچستان بار کونسل کے عہدے پر بھی فائز رہے۔ وہ کامن ویلتھ لیگل ایجوکیشن ایسوسی ایشن کے رکن بھی رہے۔

جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی عدالت عالیہ کے انتظامی اور امور نظافت کی کمیٹی کے رکن بھی رہے۔

انہوں نے انٹرنیشنل لاء برائے ججز ورکشاپ برائے ''میٹنگ انٹرنیشنل ہیومن رائٹس سٹینڈرڈز ان کرمنل پروسیڈنگ''، منعقدہ ہاگ، نیدرلینڈ میں 2012ء اور انٹرنیشنل جوڈیشل کانفرنس منعقدہ اسلام آباد میں 15-13 اپریل 2012ء اور انوائرنمنٹل لاء پر کوئٹہ میں ہونے والی کانفرنس 2011ء میں بھی شرکت کی۔

عزت مآب 7 ستمبر 2009ء کو عدالت عالیہ بلوچستان کے ایڈیشنل جج مقرر ہوئے اور 11 مئی 2011ء کو مستقل جج عدالت عالیہ بلوچستان تعینات ہوئے۔

عزت مآب نے 26 دسمبر 2014ء کو بطور چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان حلف اٹھایا اور 31 اگست 2018ء کو بطور چیف جسٹس عدالت عالیہ اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے۔

جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی سال 2015ء کے دوران پاکستان کی اعلیٰ عدلیہ سے منتخب ججز پر مشتمل وفد کی قیادت کرتے ہوئے واشنگٹن ڈی سی، امریکہ میں منعقدہ ورکشاپ جس کا موضوع "Judicial sharing of Experience- Intellectual Property Rights Enforcement Exchange Programme" تھا، میں شرکت کی۔

سال 2017ء کے دوران جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی صاحب نے وسطی لندن، انگلستان میں قائداعظم محمد علی جناحؒ کے مجسمے کی پہلی دفعہ عوامی رونمائی کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔

عزت مآب جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی نے 15 مئی 2019ء کو بطور چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت حلف اٹھایا۔

نومبر 2019ء میں آپ نے انٹرنیشنل لائرز کلب، انگلستان کے زیر اہتمام عالمی کانفرنس میں بھی بطور ''مہمان خصوصی'' شرکت کی۔

عزت مآب مندرجہ ذیل اداروں کے ممبر بھی رہے ہیں۔

ممبر، نیشنل جوڈیشل پالیسی میکنگ کمیٹی، ممبر، لاء اینڈ جسٹس کمیشن آف پاکستان، ممبر ایڈوائزری بورڈ آف المیزان فاؤنڈیشن، ممبر، انتظامیہ کمیٹی المیزان فاؤنڈیشن، ممبر، بورڈ آف گورنرز، بورڈ آف ٹرسٹیز، کونسل آف ٹرسٹیز اور سلیکشن بورڈ برائے انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔